# کنڈرگارٹن میں داخلہ

## فیملیز کے لیے اسکول کی تیاری کی گائیڈ

Fairfax County
OFC Office for Children

پڑوس اور کمیونٹی کی خدمات • بچوں کیلیے دفتر
12011 گورنمنٹ سینٹر پارک وے، سویٹ 920
فیئر فیکس، ورجینیا 22035-1102

ٹیلی فون: 703-324-8000
**www.fairfaxcounty.gov/OFC**

فیئر فیکس کاؤنٹی، وی۔ اے۔ پبلیکیشن۔
شائع کردہ 05/2022

فئیر فیکس کاؤنٹی اپنے تمام شہریوں اور انکی سرگرمیوں کو مساوی رسائی فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ اگر TTY نمبر نہیں دیا گیا تو، 711/ورجینیا ریلے پر کال کریں۔ درخواست کرنے پر معقول اسباب فراہم کر دئیے جاتے ہیں؛ 703-324-8000 پر کال کریں۔

# کنڈرگارٹن
# میں داخلہ!

فیملیز کے لیے اسکول کی
تیاری کی گائیڈ





# کنڈرگارٹن میں داخلہ!

اگر آپ کا بچہ 30 ستمبر تک 5 سال کا ہو جائے، تو وہ جلد ہی کنڈرگارٹن شروع کر دے گا۔

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کا بچہ "کنڈرگارٹن میں داخلے" کے لیے تیار ہے، یہ گائیڈ آپ کو اس بارے میں کچھ آئیڈیاز فراہم کرے گی کہ کنڈرگارٹن میں آپ کے بچے کے داخلے سے پہلے سال بھر میں آپ کیا کچھ کرسکتے ہیں۔

اس گائیڈ میں وہ اقدامات بھی شامل ہیں جو آپ رواں سال کے دوران انجام دے سکتے ہیں تاکہ آپ کا بچہ کنڈرگارٹن کے لیے صحیح طریقے سے رجسٹرڈ ہو جائے۔

آخر کار، اس گائیڈ میں اسکول اور کمیونٹی کے وسائل کے بارے میں معلومات دی گئی ہیں تاکہ کنڈرگارٹن کی مہارتوں کی تیاری میں آپ کے بچے کی مدد کی جا سکے۔

# مواد کی فہرست


آپ منظر نامے کا ایک اہم حصہ ہیں۔ .......... 4

اچھی گفتگو کا آغاز گھر سے ہوتا ہے .......... 4

کاموں کی رُوٹِین اپنانا، کنڈرگارٹن کے لئے تیار ہونے میں آپ کے بچے کی مدد کرتا ہے۔ .......... 5

دوسروں کے ساتھ میل جول .......... 6

دوسروں کے ساتھ میل جول .......... 7

اسکول کی تیاری کے تجربات کا ایک موسمی کیلنڈر .......... 8-11

کنڈرگارٹن میں منتقلی .......... 12

کمیونٹی کے وسائل سے ربط بنانا .......... 13

فیملیز کیلئے مددگار وسائل .......... 14

پبلیکیشنز .......... 14

ویب کے صفحات .......... 14

ویڈیوز .......... 15

ایپلیکیشنز .......... 15

# آپ منظر نامے کا ایک اہم حصہ ہیں

## اچھی بات چیت گھر سے شروع ہوتی ہے

کنڈرگارٹن میں، آپ کا بچہ دن بھر دوسروں کے ساتھ بات چیت کرے گا۔ آپ کے بچے کو یہ کچھ آتا ہونا چاہیے:

- اپنی ضروریات اور خواہشات سے آگاہ کرسکے۔
- مختلف لوگوں، مقامات، اشیاء اور واقعات کے بارے میں بات چیت کر سکے۔
- جو کچھ رواں دن میں یا ایک دن پہلے ہوا ہو، اس کے بارے میں گفتگو کا تبادلہ کر سکے۔
- مل کر کھیلے جانے والے کھیل میں شمولیت کر سکے۔

جب آپ اور آپ کا بچہ اپنی گھریلو زبان میں بات کرتے ہیں، تو آپ بچے میں بات چیت کی مہارت پیدا کر رہے ہوتے ہیں۔

- اپنے بچے سے اس بارے میں بات چیت کریں کہ آپ کیا کر رہے ہیں اور وہ کیا کر رہے ہیں۔
- کھیل کے دوران یا کسی دوست کے ساتھ ملاقات میں پیش آنے والے معاملات کے بارے میں سوالات پوچھیں۔
- ان سے پہلے، اسکے بعد اور پھر آخر میں کیا ہوا تھا، اسطرح کے سوالات پوچھیں۔
- اپنے بچوں سے ایسی تفصیلات کے بارے میں بات کرنے کو کہیں جو اشیاء اور عملی کاروائیوں کی طرف اشارہ کرتی ہوں۔
- اپنے بچے سے چھوٹی چھوٹی ہدایات پر عمل کرنے کو کہیں۔
- اپنے بچے سے یہ اندازہ لگانے کو کہیں کہ اب آگے کیا ہوگا۔



## کاموں کی رُوٹِین اپنانا آپ کے بچے کی کنڈرگارٹن کے لئے تیار ہونے میں مدد کرتا ہے

گھر میں کاموں کی رُوٹین اپنانے سے آپ کے بچے کو کنڈرگارٹن میں کاموں کی رُوٹین اپنانے میں مدد ملے گی۔

- صبح کا ایک باقاعدہ شیڈول مرتب کریں (اُٹھیں، لباس پہنیں، کھانا کھائیں، پری اسکول جائیں یا دن بھر کی منصوبہ بندی کریں)۔
- ناشتے کو صبح کی روٹین کا یقینی حصہ بنائیں۔
- ہر روز تقریبا ایک ہی وقت پر اسنیک اور کھانا کھانے کی روٹین اپنائیں۔
- جسمانی سرگرمیوں کا شیڈول بنائیں۔
- اسکرین (ٹی وی دیکھنے کا) ٹائم شیڈول کریں کہ کب دیکھنے کی اجازت ہوگی۔
- ایک سرگرمی سے دوسری سرگرمی میں منتقلی کی منصوبہ بندی کریں۔
- اگلے دن کے لیے سامان ترتیب دیں۔
- ہر روز پڑھائی کے لیے وقت کی منصوبہ بندی کریں۔
- سونے کے وقت کی باقاعدہ روٹین سیٹ کریں۔



# دوسروں کے ساتھ میل جول

دوسروں کے ساتھ میل جول ایک ایسا ہنر ہے جو بچوں کے لیے کنڈرگارٹن میں منتقلی کو آسان بناتا ہے۔

وہ بچے جو دوسروں کے ساتھ گھل مل سکتے ہیں، وہ یہ جانتے ہیں کہ کیسے:

- دوسرے بچوں اور بڑوں کے ساتھ وقت گزاریں۔
- مل جل کر کھیلیں اور اپنی باریاں لیں۔
- کھلونے شیئر کریں۔
- بات چیت سے مسائل حل کریں۔
- لوگوں اور انکی پراپرٹی کا لحاظ رکھیں۔
- مدد حاصل کریں۔
- دوست بنائیں۔
- ان کے احساسات کے بارے میں گفتگو کریں۔
- ایسے الفاظ کا استعمال کریں جیسے کہ مہربانی، شکریہ، معاف کیجئے، مجھے افسوس ہے، مجھے مدد چاہیے، میں اسکی کوشش کر سکتا ہوں۔
- سادہ ہدایات پر عمل کریں۔
- آپ سے اور دیگر فیملی ممبران سے الگ (کیسے) رہیں۔



# صحت مند جسموں اور ذہنوں کی پرورش



## سونا

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کے بچے کی نیند پوری ہو رہی ہے، سونے کے وقت کی ایک باقاعدہ روٹین بنائیں۔ زیادہ تر چھوٹے بچوں کو 10 سے 13 گھنٹے کی نیند درکار ہوتی ہے۔ آپ کے بچے کو کنڈرگارٹن میں نیند لینے کا وقت نہیں ملے گا۔

## ورزش

ایک باقاعدہ جسمانی ورزش کو اپنی فیملی کی روٹین کا حصہ بنائیں۔ ایسے کھیل کھیلیں جو دوڑنے، چڑھنے، پھینکنے، چھلانگ لگانے، گیند کو لات مارنے، ایک پاؤں پر کھڑے رہنے، جھولے پر جھولنے جیسی سرگرمیوں پر مشتمل ہوں۔

## متوازن غذا کا استعمال

ہلکی پھلکی صحت مند غذائیں نیز کھانا بنانے میں، اپنے بچے کو آپ کی مدد کرنے دیں۔ اپنے بچے کو ہر ہفتے ایک نئے پکوان کا انتخاب کرنے کی ترغیب دیں۔ کنڈرگارٹن میں، آپ کا بچہ گھر سے اپنا لنچ ساتھ لا سکتا ہے یا کیفے ٹیریا میں اپنی پسند کا کھانا خود چُن سکتا ہے۔

## اسکرین ٹائم

آپ کے بچے اسکرین (کمپیوٹر، آئی پیڈ، ٹی وی) پر کیا دیکھ رہے ہیں، ان سے اس بارے میں بات چیت کریں۔ اسکرین پر وقت گزارنے کی ایک حد مقرر کریں، خاص طور پر سونے کے وقت سے پہلے۔

## جذبات کی نشوونما اور ازخود منظم رہنا

اصولوں اور ان کے انجام پر گفتگو کریں نیز تسلسل سے ان پر عمل کریں۔ اپنے بچے کو یہ سمجھائیں کہ غلطیاں کرنا سیکھنے کا حصہ ہے۔ بار بار کوشش کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کریں حتی جب مشکل ہو تب بھی۔ اپنے بچے کو ایک مسئلے کے ایک سے زیادہ حل تلاش کرنے کی ترغیب دلائیں۔ منصوبہ بندی کرنے، یکسوئی پیدا کرنے اور یاد رکھنے میں ان کی مدد کریں۔

# اسکول کی تیاری کے تجربات پر مشتمل ایک موسمی کیلنڈر

اگر آپ کو اپنے بچے کی نشوونما کے بارے میں خدشات ہیں تو فیئر فیکس کاؤنٹی ابتدائی بچپن کی شناخت و خدمات کو 571-423-4121 پر کال کریں۔ وہ مداخلتوں، ورکشاپس، اسکریننگ اور تشخیص کے بارے میں معلومات فراہم کریں گے۔ یہ "چائلڈ فائنڈ" خدمات 20 ماہ تا 5 سال کی عمر تک کے بچوں کے لئے فراہم کی جاتی ہیں۔

**موسم خزاں کے لئے بعض ضروری کتابیں:**

"A از فار آٹم"
از رابرٹ ماس

"لیف مین"
از لوئیس اہلرٹ

"اِٹ از فال!"
از لنڈا گلیزر

"سِکسٹین رن وے پمپکنز"
از ڈیانا اوچلٹری

"ڈیپلڈ اپیلز"
از جان کارر

"ترکی ٹربل"
از وینڈی سلوانو

## سال بھر کے دوران

- گیت گائیں، کہانیاں سنائیں اور بار بار سنائیں۔
- کتابیں پڑھیں۔ کیا ہو رہا ہے اس پر گفتگو کریں۔
- اپنے بچے کے نام کے حروف تلاش کریں۔
- اپنے بچے کو ایسے الفاظ پر دھیان کرنے میں مدد کریں جو ہم قافیہ ہوں یا ایک جیسی آوازوں سے شروع ہوتے ہوں۔
- پہیلیاں سُلجھائیں۔
- سادہ بورڈ گیمز کھیلیں۔
- تصویریں بنانے کے لیے مارکر، کریون اور پنسل کا استعمال کریں۔
- قینچی استعمال کرنے کی مشق کریں۔
- چھانٹی کرنے اور گنتی کرنے والے کھیل کھیلیں۔
- نمبروں کو گِنیں اور استعمال کریں۔
- چیزوں کی وضاحت کرتے وقت اپنے بچے کو رنگ، شکل اور سائز جیسے الفاظ استعمال کرنے کی ترغیب دیں۔
- جسمانی طور پر فعال کھیل کھیلیں۔
- وہ کھیل کھیلیں جن میں آپ کے بچے کو یقینی طور پر کھڑا ہونا پڑے۔ یا خاموش بیٹھنا پڑے۔
- باقاعدگی سے لائبریری کا دورہ کریں۔ کتابوں کا انتخاب کرنے میں اپنے بچے کی مدد کریں۔
- اپنے بچے کو سوالات پوچھنے پر اسکی حوصلہ افزائی کریں۔

## موسم خزاں (ستمبر - نومبر)

- موسم خزان کے آثار دیکھنے کے لیے اپنی فیملی کے ہمراہ چہل قدمی کریں۔
- میووں کو زمین میں چھپاتی ہوئی گلہریاں، ہوا میں اُڑتے ہنس اور ایسے پتے جن کا رنگ بدل رہا ہو تلاش کریں۔ موسم میں ہونے والی تبدیلیوں کے بارے میں بات کریں۔
- اپنے بچے کو اپنا کوٹ پہننا اور اتارنا سکھائیں اور بٹن لگانے اور/یا زِپ لگانے کی مشق کرائیں۔



## موسم سرما (دسمبر - فروری)

### کنڈرگارٹن کے لیے رجسٹریشن

- http://boundary.fcps.edu/boundary پر فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک سکولز باؤنڈری انفارمیشن سسٹم استعمال کریں تاکہ یہ فیصلہ کیا جا سکے کہ آپ کا بچہ کنڈرگارٹن میں کہاں جائے گا۔
- اس ایلیمنٹری اسکول کا دورہ کریں۔
- کنڈرگارٹن میں اپنے بچے کو رجسٹر کرانے کے لیے درکار دستاویزات جمع کرنا شروع کریں۔ ان میں رہائش کا ثبوت، پیدائشی سرٹیفکیٹ، نیز صحت اور حفاظتی ٹیکوں کے ریکارڈ شامل ہیں۔ رجسٹریشن کا طریقہ کار اور فارم www.fcps.edu پر دستیاب ہیں یا آپ فیئر فیکس کاؤنٹی کے کسی بھی ایلیمنٹری اسکول سے رجسٹریشن پیکٹ حاصل کر سکتے ہیں۔
- کسی بھی کنڈرگارٹن رجسٹریشن اور کنڈرگارٹن سے واقفیت کی تقریبات کی تاریخیں جاننے کے لیے اپنے مقامی ایلیمنٹری اسکول سے رابطہ کریں۔
- اپنی کمیونٹی میں کنڈرگارٹن کیلئے تیاری کی ورکشاپ میں شرکت کا منصوبہ بنائیں۔
- اپنے بچپن کے ابتدائی تعلیمی پروگراموں سے یہ جاننے کے لیے رابطہ کریں کہ آیا فیملیز کے لیے "کنڈرگارٹن میں منتقلی" کی تقریب کا کوئی منصوبہ موجود ہے یا نہیں۔
- اگر آپ کو اسکول جانے سے پہلے اور بعد میں دیکھ بھال کی ضرورت ہو تو، فئیر فیکس کاؤنٹی اسکول ایج چائلڈ کیئر (FairfaxCounty.gov تلاش: SACC) سے رابطہ کریں یا بچوں کے دفتر کا "Child Care Search" ٹول استعمال کریں۔

**موسم سرما کے لیے کچھ بہترین کتابیں:**

"ھاؤ ٹو بلڈ اے سنو بیئر"
از ایرک پنڈر

"اوور اینڈ انڈر دی سنو"
از کیٹ میسنر

"دی سنو ڈانسر"
از ایڈی کے۔ بوسویل

"اسنو بالز"
از لوئیس اہلرٹ

"دی اسنو ڈے"
از ازرا جیک کیٹس

### اپنے بچے کے ساتھ کی جانے والی سرگرمیاں

- باہر جانےکیلئے محفوظ لباس پہنیں اور کچھ وقت فیملی کے ساتھ باہر گزاریں۔
- آپ کا بچہ ماحول میں جن تبدیلیوں کا مشاہدہ کرے اس سے اسکے بارے میں بات چیت کریں۔ ایسے درخت تلاش کریں جن کے پتے جَھڑ چکے ہیں اور ایسے درخت جو اب بھی سبز ہیں۔ رس بھریاں (بیر) اور پائن کونز تلاش کریں۔
- ہر روز ایک کتاب مشترکہ طور پر پڑھنے کیلئے وقت نکالیں۔ موسم سرما کے بارے میں کہانیوں والی کتابیں شیئر کریں۔ اپنے بچے سے اپنی پسندیدہ کہانیوں کے بارے میں بات کریں جو آپ نے پڑھی ہوئی ہیں۔



## موسم بہار (مارچ - مئی)

### کنڈرگارٹن کے لیے رجسٹریشن

- اپنے پیڈیاٹریشن یا ہیلتھ کلینک سے اپائنٹمنٹ کا بندوبست کریں۔
- رجسٹریشن کے تمام کاغذات پورے کریں اور انھیں اپنے مقامی ایلیمنٹری اسکول میں جمع کرائیں۔
- کنڈرگارٹن سے واقفیت کے پروگراموں میں شرکت کریں جو آپ کے پڑوس کے ایلیمنٹری اسکول میں ہونا طے ہیں۔
- معلومات کے تبادلے کے ایک فارم پر دستخط کریں جو آپ کے ارلی چائلڈ ہڈ پروگرام کو اس ایلیمنٹری اسکول سے معلومات کا اشتراک کرنے کی اجازت دے گا کہ جس اسکول کو آپ کا بچہ اٹینڈ کرے گا۔
- جس اسکول کو آپ کا بچہ اٹینڈ کرے گا اس کے فیس بک پیج کو "لائک" یا "فالو" کریں۔ ٹویٹر پر اسکول کو فالو کریں۔
- فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کی: خبروں کیلئے رجسٹر ہوں جن کا انتخاب آپ اسکول سے اپ ڈیٹس حاصل کرنے کیلئے کرتے ہیں۔ سبسکرائب کرنے کے لیے، ایف۔ سی۔ پی۔ ایس سبسکرائبر پریفرینس پیج پر تشریف لائیں اور ای میل ایڈریس فراہم کریں۔ TOPIC منتخب کریں۔ ELEMENTARY SCHOOLS کو منتخب کریں۔ ایک اسکول منتخب کریں۔

**موسم بہار کے لیے چند بہترین کتابیں:**

"اٹ از اسپرنگ!"
از لنڈا گلیزر

"انڈر گراؤنڈ"
از ڈینس فلیمنگ

"ان دی گارڈن وِد ڈاکٹر کارور"
از سوسن گرگسبی

"سو مینی سرکلز، سو مینی اسکوائرز"
از تانا ہوبَن

"روزیز واک"
از پیٹ ھُچنز

"پلانٹنگ اے رین بو"
از لوئیس ایلرٹ

### آپ کے بچے کے ساتھ مزید سرگرمیاں

- اپنے بچے سے کنڈرگارٹن کے بارے میں بات چیت کرنا شروع کریں۔
- لائبریرین سے کنڈرگارٹن شروع کرنے سے متعلقہ کتابیں تجویز کرنے کو کہیں۔
- اگر آپ کوئی وزٹ شیڈول کر سکیں تو اپنے بچے کے ساتھ اسکول جائیں اور کنڈرگارٹن کے کمرے کا دورہ کریں۔
- اسکول کے کھیل کے میدان کا دورہ کریں۔
- تلاش کریں کہ اگر کوئی شخص آپ کے بچے کو اندر سے بس دکھا سکے۔
- اپنی کمیونٹی میں موجود جگہوں جیسے کہ فائر بریگیڈ یا پولیس سٹیشن، پوسٹ آفس، یا منڈی کا دورہ کریں۔
- اپنے بچے کے ساتھ مل کر گروسری کی فہرست بنائیں۔ انہیں اسٹور پر وہ اشیاء تلاش کرنے کا موقع دیں۔



## موسم گرما (جون - اگست)

### کنڈرگارٹن میں منتقلی

- اسکول کو خط لکھیں اور اپنے بچے کا تعارف کروائیں۔
- اسکول کی ویب سائٹ اکثر ملاحظہ کریں اور ”بیک ٹو اسکول“ کی تقریبات کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔
- پورے موسم گرما کے دوران اپنے بچے کے اسکول میں دورہ کرتے رہیں۔
- وہ بچے جو اکٹھے ایک ہی اسکول اٹینڈ کریں گے انکے ساتھ کھیلنے کے اوقات کی منصوبہ بندی کریں۔
- گھر میں ایسی جگہ منتخب کریں جہاں آپ اپنے بچے کا کنڈرگارٹن کا سامان رکھیں گے، جیسے کہ اس کا بستہ اور لائبریری کی کتابیں۔

### آپ کے بچے کے ساتھ مزید سرگرمیاں

- آپ کے بچے کو اپنا پورا نام معلوم ہونا چاہییے اور یہ بھی کہ اشاعت ہونے پر وہ کیسا لگتا ہے۔ اگر اسے کسی عرفی یا الٹے نام سے پکارا جاتا ہے، تو اسے اپنا پیدائشی نام بھی پتہ ہونا چاہییے۔
- اپنے بچے کو ازخود کھانا کھانے کی مشق کروائیں (جوس کے ڈبوں کو کھولنا وغیرہ)۔
- ایسے کپڑے لے کے دیں جو پہننے اوراتارنے میں آسان ہوں۔
- حفاظتی اصولوں کا دوبارہ جائزہ لیں جیسے کہ فٹ پاتھ پر چلنا اور بغیر کسی بڑے (بالغ) کے سڑک پار نہ کرنا۔

### کچھ بہترین کتابیں موسم گرما کے لیے:

"بیٹل بوپ"
از ڈینس فلیمنگ

"دی کِسنگ ہینڈ"
از آڈری پینٗ

"ون، ٹو گرینڈ ما لوز یو"
از شیلی بیکر

"یوکو رائٹس ہر نیم"
از روزمیری ویلز

"ایکچول سائز"
از اسٹیو جینکِنز

"ھاؤ ڈو ڈائیناسور گو ٹو اسکول؟"
از جین یولن

"اسکول بس"
از ڈونلڈ کریوز

"کاؤنٹ ڈاؤن ٹو کنڈرگارٹن"
از ایلیسن میک گی



# کنڈرگارٹن میں منتقلی

ہر کنڈرگارٹن کلاس مختلف ہوتی ہے، تاہم بچوں کو یہ اجازت ہے کہ وہ دن بھر میں تمام کلاسوں میں ایک مکمل گروپ، چھوٹے گروپ، اور انفرادی طور پر سیکھنے کے تجربات میں حصہ لےسکتے ہیں۔ دائیں طرف کنڈرگارٹن کے شیڈول کا ایک نمونہ موجود ہے۔

بچوں کی کنڈرگارٹن میں منتقلی آسان ہو گی اگر وہ:

- مسئلہ حل کرنیوالے (بچے) ہیں۔
- نئے ماحول سے مانوس ہو جاتے ہیں۔
- فیصلہ کرنے والے ہیں۔
- متجسس ہیں۔
- خطرہ مول لینے والے ہیں۔
- اچھی گفتگو کرنے والے ہیں۔

| وقت (منٹوں میں) | دن کا حصہ |
|---|---|
| 15-10 | آمد/ناشتہ/نیٹ ورکنگ |
| 20 | صبح کی میٹنگ |
| 30-25 | ورکشاپ لینا |
| 50-45 | لِٹریسی اسٹیشن اور لفظ پڑھنا |
| 45-40 | لکھائی کی ورکشاپ |
| 15 | وقفہ |
| 30 | دوپہر کا کھانا |
| 10 | مشاہدہ / پروسیسنگ کا وقت |
| 55 | ریاضی کی ورکشاپ |
| 60 | اسپیشلز (خاص) |
| 15 | وقفہ |
| 40 | سائنس/سوشل اسٹڈیز/ہیلتھ |
| 25 | انتخاب کا وقت |
| 10 | اختتامیہ/چھٹی |



# کمیونٹی کے وسائل سے ربط بنانا

## فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک لائبریریز

**www.fairfaxcounty.gov/library**

لائبریری کی ہر برانچ میں بچوں کی کتابوں کا ایک خاص سیکشن ہوتا ہے جو آپ کے بچے کے تخیل اور ابتدائی تدریسی مہارتوں کو فروغ دینے کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ تین ہفتوں کے لیے ایک ہی وقت پر 50 کتابیں ادھار لی جا سکتی ہیں۔ کتابیں کئی زبانوں میں دستیاب ہیں۔ پری اسکول اور اسکول والی عمر کے بچوں کو سال بھر میں خصوصی سرگرمیوں اور قصہ خوانی (اسٹوری ٹائم) کی پیش کی جاتی ہے۔ لائبریری کی ویب سائٹ پر موجود ماہانہ نیوز لیٹر "ریڈی ٹو ریڈ" آپ کے بچے کو کتابیں پڑھنے کے لیے بہترین آئیڈیاز فراہم کرتا ہے۔

## فیئر فیکس کاؤنٹی پارک اتھارٹی

**www.fairfaxcounty.gov/parks**

"Parktakes" میگزین میں پری اسکول کے بچوں کے لیے مزیدار کلاسز دستیاب ہیں، جو آن لائن یا آپ کی پبلک لائبریری میں مل جاتی ہیں۔
فیئر فیکس کاؤنٹی میں مختلف رقبوں کے متعدد پارک ہیں۔ چھوٹے بچوں کی فیملیز کے لئے خاص دلچسپی کے حامل دو پارک درج ذیل ہیں:

**Clemyjontri** دو ایکڑ پر مشتمل کھیل کا ایک میدان ہے جسے چار بیرونی "کشادہ جگہوں" میں تقسیم کیا گیا ہے۔ یہ جسمانی معذوری والے بچوں سمیت سب بچوں کے لیے قابل رسائی ہے۔ اس میں ایک کیروسل (گھومنے والا جھولا) اور پکنک کیلئے بارہ دری بنی ہوئی ہے۔

6317 جارج ٹاؤن پائیک، میکلین VA 22101
703-388-2807۔

**فرائنگ پین فارم پارک** میں 1920ء کے ایک فارم کی نقل پر، ایک کیروسل (گھومنے والا جھولا)، ہیرائیڈز (گڈے کی سواریاں)، کنٹری اسٹور اور وزیٹر سینٹر شامل ہیں۔ یہاں بچے فارم کے مختلف النواع جانوروں اور کھیتی باڑی کے پرانے اوزار دیکھ سکتے ہیں۔ پکنک کیلئے میزیں اور کھیل کا میدان موجود ہے۔

2709 ویسٹ آکس روڈ، ہرنڈن، VA 20171
703-437-9101۔

## فیئر فیکس کاؤنٹی ہیلتھ کلینکس

**www.fairfaxcounty.gov/health/clinics**

### حفاظتی ٹیکے

کنڈرگارٹن میں داخل ہونے والے بچوں کی مامونیت کی دستاویز درکار ہوتی ہے۔ فیئر فیکس کاؤنٹی کا محکمۂ صحت، پانچ کلینکل مقامات پر اسکول کے لیے ضروری حفاظتی ٹیکے لگانے کی پیشکش کرتا ہے۔

مقامات اور اسکول کے لئے درکار حفاظتی ٹیکوں کی فہرست کے لئے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

### ڈینٹل

چند مقامات پر بچوں کے لئے دانتوں کی مفت خدمات پیش کی جا سکتی ہیں – اپائنٹمنٹ کی ضرورت ہو گی۔

# فیملیز کیلئے مددگار وسائل

## پبلیکیشنز




**سیکھنے سے محبت کرنے میں اپنے بچے کی مدد کریں**
www.fairfaxcounty.gov

پیدائش سے لیکر 5 سال کی عمر تک ابتدائی بچپن کی نشوونما کے بارے میں سیکھیں۔ سائنس، ریاضی، لکھنے پڑھنے، زبان، تخلیقی فنون، سماجی اور جذباتی نشوونما، نیز صحت اور جسمانی نشوونما بڑھوتری کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے فیملیز اور ایجوکیٹرز کی سرگرمیاں دریافت کریں۔ متعدد زبانوں میں دستیاب ہیں۔

**فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک سکولز والدین کی مدد و حمایت کی دستی کتاب: کنڈرگارٹن کے لیے تیار ہونا**
www.fcps.edu

اپنے بچے کے پہلے استاد کے طور پر، کیا آپ کنڈرگارٹن کے لیے تیار ہونے میں اسکی مدد کرتے ہیں۔ متعدد زبانوں میں دستیاب ہیں۔

**بچوں کو نیوز لیٹر سیکھنے میں مدد کرنا**
(انگریزی اور ہسپانوی)
www.fcps.edu

بچوں کو نیوزلیٹر سیکھنے میں مدد کرنا میں بچوں کی اسکول میں کامیابی کے متعلق فیملیز کے لئے آئیڈیاز موجود ہیں۔

ڈیلی لرننگ پلانر میں ہر روز ایک نیا آئیڈیا ہوتا ہے جسے استعمال کرتے ہوئے فیملیز بچوں کو اسکول کے لئے تیار کر سکتی ہیں۔

## ویب کے صفحات

**فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک سکولز کنڈرگارٹن میں رجسٹریشن**
www.fcps.edu/registration/kindergarten-registration

کنڈرگارٹن کے رجسٹریشن کے صفحے پر والدین کی طالب علم کے اندراج کے لیے 5 اقدامات پر مبنی لائحہ عمل کو مکمل کرنے میں مدد کرنے کیلئے معلومات موجود ہیں۔ ایف۔ سی۔ پی۔ ایس ویب صفحات متعدد زبانوں میں دستیاب ہیں۔

**فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک سکولز کنڈرگارٹن**
www.fcps.edu/academics/elementary-school-academics-k-6/kindergarten

یہ ویب صفحہ ایف۔ سی۔ پی۔ ایس کنڈرگارٹن کے تجربے کے بارے میں معلومات پر مبنی ہے۔ سوالات کے لیے، 703-204-6734 پر کال کریں یا RegistrationQuestions@fcps.edu پر ای میل بھیجیں۔


## ویڈیوز




**اسکول کی تیاری پر گہری نگاہ**

www.youtube.com/watch?v=LjPK53Gfo9Y

ایک کامیاب منتقلی اس وقت ممکن ہوتی ہے جب فیملیز، ایلیمنٹری اسکول کا عملہ، اور بچپن کے ابتدائی معلمین مل کر ہر انفرادی بچے کی مدد کرتے ہیں۔




**فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک سکولز آپ کو کنڈرگارٹن میں خوش آمدید کہتا ہے۔**

https://youtu.be/YxFAwy3Uj2g

یہ ویڈیو ایف۔ سی۔ پی۔ ایس کنڈرگارٹن پروگرام کا ایک تفصیلی جائزہ فراہم کرتی ہے۔

## ایپلیکیشنز

**ویرُوم**

www.Vroom.org

ویرُومز ایپلیکیشن کی تجاویز جو دماغ کی نشوونما کیلئے ہیں، فیملیز اور ابتدائی معلمین کے لیے بچوں کو ایسی صلاحیتیں سیکھنے اور ان میں مہارت حاصل کرنے میں مدد کرنے کے لیے ایک تفریحی طریقہ ہیں، جن مہارتوں کی انھیں اسکول اور اس سے باہر ضرورت ہوگی۔ یہ مفت ایپ iOS اور اینڈرائیڈ ڈیوائسز (کمپیوٹر، ٹیبلیٹ، اسمارٹ فونز) پر دستیاب ہے۔ یہ ایپ انگریزی اور ہسپانوی زبان میں دستیاب ہے۔

**سی۔ ڈی۔ سی مائلزاسٹون ٹریکر موبائل ایپ**

www.cdc.gov

سینٹرزفار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریوینشنز مائلز اسٹون ٹریکرآپ کے بچے کی پراگریس کا پتہ لگانے میں آپ کی مدد کرتا ہے۔ اس میں 2 ماہ سے 5 سال کی عمرتک کے بچوں کی نشوونما میں مدد کے لیے تجاویز شامل ہیں۔ یہ مفت ایپ iOS اور اینڈرائیڈ ڈیوائسز پر دستیاب ہے اور انگریزی اور ہسپانوی زبان میں موجود ہے۔

# یہ کنڈرگارٹن کے لیے رجسٹر ہونے کا وقت ہے!

**"زمان ثبت نام برای مهد کودک است!"**
اگر فرزند شما تا 30 سپتامبر، 5 ساله می شود، اکنون زمان آن است که با دبستان محل خود تماس بگیرید تا اطلاعات مورد نیاز و بسته ثبت نام را دریافت کنید.

**"یہ کنڈرگارٹن میں اندراج کرانے کا وقت ہے!"**
اگر 30 ستمبر تک یا اس سے قبل آپ کے بچے کی عمر 5 سال ہو رہی ہے، تو وقت آگیا ہے کہ آپ اپنے علاقے کے اسکول سے رابطہ کریں اور معلومات اور داخلے کی تفصیلات طلب کریں

**"لقد حان الوقت للتسجيل في رياض الأطفال"**
إذا كان طفلك سيبلغ عمر 5 سنوات بحلول 30 سبتمبر، فقد حان الآن وقت الاتصال بالمدرسة الابتدائية القريبة للحصول على المزيد من المعلومات وحزمة التسجيل الخاصة بها.

If your child will be 5 years old by September 30, now is the time to contact your neighborhood elementary school for information and the registration packet.

**Ha llegado el momento de inscribirse para Kindergarten!** Si su hijo va a tener 5 años el 30 de setiembre próximo, ahora es el momento de ponerse en contacto con la escuela primaria de su vecindario para obtener información y el paquete de inscripción.

**是註冊就讀幼稚園的時候了！**
如果您的孩子將於 9 月 30 日前年滿 5 週歲，請聯絡您附近的小學，以了解相關入學資訊並取得註冊資料袋。

**유치원에 등록하실 때입니다!**
귀하의 자녀가 9월 30일 이전에 만 5세가 된다면 지금 주변의 초등학교에 연락하시어 학교 정보 및 등록 서류에 대해 알아보십시오.

**Đã đến lúc để đăng ký cho lớp mẫu giáo!**
Khi con em quý vị được 5 tuổi vào ngày 30 tháng 9, thì đây là thời điểm thích hợp để quý vị liên lạc với trường tiểu học gần khu vực của quý vị để biết thêm thông tin và hồ sơ ghi danh.



**پتہ لگائیں کہ کیسے:**
**http://boundary.fcps.edu/boundary**


Fairfax County
O F C Office for Children
www.fairfaxCounty.gov/OFC